سورۃ الشرح (94)

(مکی — کل آیات 8)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ (1)

کیا ہم نے آپ کا سینہ نہیں کھول دیا۔

وَوَضَعۡنَا عَنۡكَ وِزۡرَكَ (2)

اور کیا آپ سے آپ کا وہ بوجھ نہیں اتار دیا۔

الَّذِىۡۤ اَنۡقَضَ ظَهۡرَكَ (3)

جس نے آپ کی کمر جھکا دی تھی۔

وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ (4)

اور ہم نے آپ کا ذکر بلند کر دیا۔

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا (5)

پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا (6)

بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ (7)

پس جب آپ (تبلیغ احکام سے) فارغ ہوں تو ریاضت کیجیے۔

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارۡغَبۡ (8)

اور اپنے رب کی طرف دل لگائیے۔